دی سٹی اسکول

سدرن ریجن

اعادہ ورک شیٹ۔ اپریل ۲۰۱۹ء

جماعت ہفتم (تفہیم)

پھل قدرت کا بہت بڑا عطیہ اور تحفہ ہیں یہ صحت، حسن اور توانائی کا بہترین ذریعہ بھی ہوتے ہیں۔ قدرت نے انسان کے لیے ہر موسم میں مختلف انواع واقسام کے پھل وافر مقدار میں پیدا کر دیئے ہیں۔ یہ معاشرے میں اپنی اہمیت رکھتے ہیں اور ان میں ہر ایک اپنی افادیت کا حامل ہے۔

آم پھلوں کا بادشاہ ہے تو سیب دل کا تاج، انار اپنے ذائقے اور رنگ میں یکتا ہے تو امرود نظامِ ہاضم کے لیے دوا ہے۔ کیلا آئرن کا سبب ہے تو انگور چربی کو کم کرنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے کہ انسان جب بھی کوئی پھل کھاتا ہے تو وہ پیٹ میں جا کر دل کو سلام کرتا ہے، لیکن جب پیٹ میں جاتا ہے تو دل اسے سلام کرتا ہے۔ کوئی رس بھرے پھل ہیں تو کوئی خشک ذائقے دار، سبحان اللہ! یہ قدرت کی ان گنت نعمتیں ہیں جو انسان کے لیے ہیں۔ ان سے لاکھوں لوگوں کا کاروبار بھی وابستہ ہے اور یہ معیشت میں بھی برابر اضافے کا سبب ہوتے ہیں۔ پاکستان سے آم، کینو اور سیب وانار دوسرے ملکوں کو برآمد بھی کیے جاتے ہیں۔

ایک فلسفی نے کسی باغ میں پھلوں کے درختوں کو دیکھتے ہوئے آم کی چھوٹی سی کیری بھاری بھرکم درخت پر لگی دیکھی اور زمین پر پتلی تار کی طرح بیل پر لگا بڑا تربوز دیکھ کر کہنے لگا: واہ! کیا خدا کا انصاف ہے کہ اتنے بڑے درخت پر ایک آدھے پاؤ کا آم اور کمزور سی لاغر بیل پر دس بارہ کلو کا تربوز؟ اتنے میں ایک کچا آم ٹوٹ کر اس کے سر پر گر پڑا، اس نے شکرِ خدا بجالا کر کہا کہ اگر یہ تربوز آم کی جگہ لگا ہوتا تو شاید میں مر جاتا۔ قدرت کا ہر کام حکمت بھرا اور ہر فیصلہ درست ہوتا ہے کہ کون سا پھل کس موسم میں آنا ہے۔ یہ سب اُس کے کرشمے ہیں۔ پس انسان دیکھے اور شکر کرے کہ اس کی خوراک کا ہر طرح سے بندوبست کر دیا گیا ہے۔ وہ چاہے شہر میں ہو یا چاہے جنگل و ویرانوں میں، خوراک ہر جا موجود ہے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

۱۔ ہماری زندگی میں پھلوں کی کیا اہمیت ہے؟	۲۔ آم اور سیب دوسرے پھلوں سے مختلف کیوں ہیں؟
۳۔ انگور اور امرود کی افادیت تحریر کریں؟	۴۔ فلسفی نے آم اور تربوز کے بارے میں جو اعتراض کیا تھا، اس کا کیا جواب ملا؟
۵۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی خوراک کا کیا انتظام کر رکھا ہے؟	۶۔ آپ کے خیال میں انسان کو شکر کیوں بجالانا چاہیے؟
۷۔ عبارت کا عنوان لکھیں۔	۸۔ عبارت کا خلاصہ تحریر کریں؟

۹۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ تحریر کریں۔

ا۔ معاشرہ	۲۔ ذائقہ دار	۳۔ توانائی	۴۔ چربی	۵۔ نظام

۱۰۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

ا۔ تحفہ	۲۔ اہمیت	۳۔ کاروبار	۴۔ انصاف	۵۔ افادیت

۱۱۔ مندرجہ ذیل جملوں کے زمانے ہدایت کے مطابق تبدیل کریں۔

الف۔ آم پھلوں کا بادشاہ ہے۔ (زمانہ مستقبل)

ب۔ پاکستان سے پھل دوسرے ملکوں کو برآمد کیے جاتے ہیں۔ (زمانہ ماضی)